SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 18, 2019

## ایس ای سی پی میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 30 فیصد اضافہ

اسلام آباد (دسمبر 18) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے نومبر میں 1،387 کمپنیاں رجسٹر کیں جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 30 فیصد زیادہ ہے۔ نئی رجسٹریشن کے بعد کمپنیوں کی کل تعداد 1,08،433 ہو گئی ہے۔ ملک میں کاروباری آسانیوں کے لئے کئے گئے اقدامات اور اصلاحات کے نتیجے میں کمپنیوں کی نئی رجسٹریشن میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

اکتوبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 72 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ ہیں جبکہ 25 فیصد نے سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر رجسٹریشن حاصل کی اور 3 فیصد میں بطور پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹیڈ لائیبیلٹی پارٹنر شپس شامل ہیں۔ اس ماہ 96 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن آن لائن کی گئی۔ اس مہینے کے دوران 130 غیر ملکی کمپنیوں نے بیرون ملک سے رجسٹریشن مکمل کی۔

اس ماہ سب سے زیادہ یعنی 237 کمپنیاں ٹریڈنگ کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں۔ خدمات کے شعبے میں 165، انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 159، تعمیرات کے شعبے میں 151، سیاحت میں 77، رئل اسٹیٹ میں 66، تعلیم میں 65، خوراک و مشروبات میں 51، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں 39، انجنیئرنگ اور فارماسیوٹیکل میں 35،، مارکیٹنگ اور ڈیویلپمنٹ میں 33، ٹیکسٹائل میں 27، ٹرانسپورٹ میں 25، کیمیکل میں 24، آٹو اینڈ الائیڈ میں 21، ہیلتھ کیئر میں 19، کان کنی/کھدائی میں 16، توانائی اور لاگنگ میں 12، براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ، اور فیول اینڈ انرجی میں 11، اور 96 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر کی گئیں۔

مئی میں کل 61 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرنے والوں کا تعلق بحرین، چین، جمہوریہ چیک، مصر، جرمنی، جنوبی کوریا، ملائیشیا، فلپائن، روس، سعودی عرب، اسپین، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، تائیوان، تاجکستان، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 477 ہے۔ لاہور میں 358 اور کراچی میں 282 کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور، ملتان، گلگت بلتستان، فیصل آباد، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 106، 64، 48، 42، 7 اور 3 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔